SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

# شریک حیات یا پارٹنر کی کفالت (اسپانسرشپ) کے ذریعے مستقل رہائشی بننا

## شریک حیات یا پارٹنر کی کفالت(اسپانسرشپ)_ کیا ہے؟

کینیڈا میں مستقل رہائش حاصل کرنے کے چند طریقے ہیں۔ شریک حیات یا ساتھی کی طرف سے کفالت (اسپانسرشپ) ان میں سے ایک ہے۔ اگر آپ شادی شدہ ہیں یا کسی رشتے میں ہیں، اور آپ کا شریک حیات یا پارٹنر کینیڈا کا شہری یا مستقل رہائشی (PR) ہے، تو وہ آپ کو مستقل رہائشی بننے کے مقصد سے اسپانسر کرنے کے لیے درخواست جمع کر سکتا ہے۔

## شریک حیات یا پارٹنر کون ہے؟

- **شریک حیات**: آپ کی شادی اپنے کفیل (اسپانسر) سے ہوئی ہے اور آپ کی شادی آپ کے آبائی ملک اور کینیڈا دونوں میں قانونی شادی ہے
- **پارٹنر**:

**کامن لاء پارٹنر**: آپ اور آپ کا کفیل (اسپانسر) کم از کم ایک سال تک شادی جیسے رشتے میں ایک ساتھ رہے ہیں

**ازدواجی پارٹنر( کنجوگل پارٹنر)**: آپ کم از کم ایک سال سے اپنے کفیل (اسپانسر) کے ساتھ ازدواجی تعلقات میں رہے ہیں، لیکن آپ اپنے قابو سے باہر وجوہات کی بنا پر ایک ساتھ نہیں رہ سکے

## امیگریشن، ریفیوجیز اور سٹیزن شپ کینیڈا( آئی آر سی سی )(Immigration, refugees and Citizenship Canada (IRCC)کے تحت دو قسم کے شریک حیات یا پارٹنر کےا سپانسرشپ پروگرامس ہیں

- **فیملی کلاس** (اگر آپ کنیڈا سے باہر رہنے والی/ والے شریک حیات، کامن لاء پارٹنر یا ازدواجی پارٹنر (کنجوگل پارٹنر) ہیں))
- **کینیڈا کی کلاس میں شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر** (اگر آپ ایک شریک حیات یا کامن لاء پارٹنر ہیں جو کینیڈا میں اپنے اسپانسر کے ساتھ رہتی/ رہتے ہیں اور کسی قسم کی عارضی رہائشی حیثیت رکھتی/رکھتے ہیں)

آپ اور آپ کے کفیل( اسپانسر)۔ دونوں کو کفالت (اسپانسرشپ) کے اہل ہونے کے لیے کچھ معیارات پر پورا اترنا ہوگا۔

## کس کی کفالت (اسپانسرشپ) کی جا سکتی ہے؟

آپ کو اسپانسر کیا جا سکتا ہے اگر:

- آپ ایک شریک حیات، کامن لاء پارٹنر یا ازدواجی ساتھی ہیں
- آپ کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

- آپ کینیڈا میں رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں
- اپنے کفیل (اسپانسر) کے ساتھ آپ کا حقیقی رشتہ ہے (امیگریشن حاصل کرنے کے مقصد سے نہیں)

**کون کفیل (اسپانسر) ہو سکتا ہے؟**

کوئی شخص اگر درج ذیل شرایط پر پورا اترتا ہے، تو وہ اسپانسر ہو سکتا ہے:

- کم از کم 18 سال کی عمر ہو
- کینیڈا کی/ کا شہری یا مستقل رہائشی ہو
- کینیڈا میں رہتا ہو(کینیڈین شہریوں کے لیے یہ ایک استثنی ہے: اگر وہ کینیڈا سے باہر رہ رہے ہیں، تو انہیں یہ ظاہر کرنا ہوگا کہ جب ان کےذریعے اسپانسر کیے جانے والا شخص پی آر (PR) بن جائے، تب وہ کینیڈا میں رہنے کا ارادہ رکھتے ہیں)
- جس کی کفالت (سپانسرشپ) کی جا رہای ہے اس شخص کے ساتھ حقیقی رشتے میں ہو (امیگریشن کے مقصد کے لیے نہیں)
- یہ ظاہر کرنے کے قابل ہوں کہ وہ جس شخص کو اسپانسر کرنا چاہتی/چاہتے ہیں ، اس شخص کی بنیادی ضروریات فراہم کر سکتی/سکتا ہیں

نوٹ کریں: آپ کو کینیڈا میں مستقل رہائشی بننے کے لیے ایک سیکیورٹی چیک سے گزرنا پڑے گا اور پاس کرنا پڑیگا۔ آپ کو طبی معائنہ بھی فراہم کرنا پڑے گا لیکن اگر آپ **شریک حیات** یا **کامن لاء پارٹنر کلاس** کے تحت درخواست دیتے ہیں تو طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو انکار نہیں کیا جا سکتا۔

ایک شخص اسپانسر نہیں ہو سکتا اگر:

- جو لوگ بعض جرائم کے مرتکب ہوئے ہیں (جنسی جرائم کا ارتکاب والا، مقدمہ چلایا گیا یا دھمکی دی گئی، پرتشدد جرائم جن کی زیادہ سے زیادہ سزا 10 سال یا اس سے زیادہ جیل کا عرصہ ہے، ایسے جرائم جن سے ان کے رشتہ داروں/خاندان کے افراد کو جسمانی نقصان پہنچا)
- ان کو ہٹانے کا حکم دیا گیا ہے
- وہ جیل میں ہیں
- وہ حکومت سے سماجی امداد یا فلاح و بہبود حاصل کر رہے ہیں (مثال کے طور پر، اونٹاریو ورکس)، سوائے اس لیے کہ معذوری کی وجہ سے ہو

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

- وہ خود کسی شریک حیات یا پارٹنر کے زیر کفالت شدہ (اسپانسرڈ) تھے اور وہ 5 سال سے کم عرصہ قبل مستقل رہائشی بن گئے تھے
- ان پر کچھ قرض یا مالی ذمہ داریاں ہیں جیسے :
    - وہ اب بھی اپنے سابقہ شریک حیات یا ساتھی کے لیے، جس کی انہوں نے کفالت (اسپانسرشپ) کی تھی مالی طور پر ذمہ دار ہیں
    - انہوں نے میاں بیوی یا بچوں کے نفقہ کی ادائیگی نہیں کی جو ان پر واجب ہے
    - انہوں نے آئی آر سی سی (IRCC) سے جو قرض لیا ہو اسے واپس نہیں کیا
    - انہوں نے اپنے پہلے کفیل شدہ (sponsored)شریک حیات یا ساتھی کو موصول ہونے والی سماجی امداد کو واپس نہیں کیا
    - انہوں نے دیوالیہ پن (بینکرپٹسی)کے لیے دائر کیا ہےاور انہیں فارغ نہیں کیا گیاہے

نوٹ کریں: اگر آپ کی **کوئی آمدنی نہیں ہے** ، پھر بھی آپ زوجین / کامن لاء / کنجوگل پارٹنر سپانسرشپ کے لیے شریک حیات کو اسپانسر کرسکتی/ سکتے ہیں (اس قسم کی کفالت (اسپانسرشپ) کے لیے کوئی آمدنی کی ضرورت نہیں ہے). تاہم، آپ سماجی امداد پر انحصارنہیں کر سکتیں/ سکتے۔

**کفالت کا وعدہ (اسپانسر شپ انڈرٹیکنگ) :**

اسپانسرنگ کا مطلب ہے کہ آپ کا شریک حیات یا پارٹنر (PR) بننے کےبعد ایک مخصوص مدت تک آپ کی مالی مدد کرنے کا وعدہ کر رہا ہے۔ اسے "انڈرٹیکنگ" کہا جاتا ہے۔ شریک حیات اور پارٹنرز کے لیے، آپ کے اسپانسر کو آپ کے پی آر (PR) بننے کے دن سے 3 سال تک مالی طور پر آپ کی دیکھ بھال کرنے کا وعدہ کرنا چاہیے۔ اگر آپ کے بچے ہیں، تو یہ معاہدہ 10 سال تک رہتا ہے، جس دن سے بچے پی آر (PR) بن جاتے ہیں، یا جب تک بچہ 25 سال کا نہیں ہو جاتا (جو بھی پہلے آئے)۔ اگر آپ یا آپ کے بچے اس مدت کے دوران سماجی امداد یا فلاح و بہبود پر انحصار کرتے ہیں، تو آپ کے کفیل (اسپانسر) کو وہ رقم حکومت کو واپس کرنی ہوگی۔

**درخواست دینے(اپلائی کرنے ) کا طریقہ**

اب ضروری ہے کہ درخواست صرف آن لائن جمع کرائی جائے۔ اگر آپ معذوری یا دیگر وجوہات کی وجہ سے آن لائن درخواست نہیں دے سکتی/ سکتے ہیں تو آپ آئی آر سی سی(IRCC) سے کاغذی درخواست طلب کر سکتی/ سکتے ہیں۔

1. آپ کے اسپانسر کو اسپانسر بننے کے لیے ایک درخواست (ایپلیکیشن) فارم بھرنا ہوگا۔ آپ اور آپ کے اسپانسر دونوں کو اس درخواست پر الیکٹرانک طور پر دستخط کرنا ہوں گے۔ کچھ اضافی فارمز ہیں جو آپ کے اسپانسر کو پر کرنےہو تے ہیں۔
2. آپ کے اسپانسر کو آپ کو ان کے فارمز کی الیکٹرانک کاپیاں دینا ہوں گی تاکہ آپ اسے اپنی آن لائن درخواست پر اپ لوڈ کر

SALCO
South Asian Legal Clinic of Ontario

سکیں۔ پرنسپل درخواست دہندہ (Principal Applicant)کے طور پر مکمل کرنے کے لیے آپ کے پاس اپنے فارمز ہوں گے۔ آپ کو پوری درخواست پر دستخط کرنا ہوں گے۔

3. آپ (پرنسپل درخواست دہندہ) کو درخواست کے پورٹل پر ایک آن لائن اکاؤنٹ بنانا چاہیے (جسے پرمننٹ ریزیڈینس پورٹل (Permanent Residence Portal)کے نام سے جانا جاتا ہے)) اور مستقل رہائش کے لیے آن لائن درست فارمز پُر کرنا چاہیے۔
4. آئی آر سی سی (IRCC) کی ویب سائٹ پر ایک تفصیلی درخواست گائیڈ ہے اور یہ یقینی بنانے کے لیے ایک دستاویز کی چیک لسٹ فراہم کرتی ہے کہ آپ ہر اس چیز سے واقف ہیں جو آپ کو فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ نوٹ کریں: آپ جہاں رہتی/رہتے ہیں اس پر منحصر ، آپ کو اپنے ملک کے لیے مخصوص اضافی فارمز پُر کر نے ہو سکتے ہیں۔ ملک کے مخصوص فارم کے لیے آئی آر سی سی (IRCC) کی ویب سائٹ دیکھیں۔
5. فارم کے ساتھ، آپ اور آپ کے کفیل (اسپانسر) دونوں کو معاون دستاویزات فراہم کرنے ہوں گے۔ مثال کے طور پر، آپ کے اسپانسر کو کینیڈا میں اسٹیٹس کا ثبوت، آمدنی کا ثبوت وغیرہ فراہم کرنا ہوگا۔ آپ کو شناختی دستاویزات، پولیس سرٹیفکیٹ، اپنے رشتے کا ثبوت جیسے شادی کی تصاویر، ای میلز، متن، خطوط وغیرہ جیسی چیزیں بھی فراہم کرنی ہوں گی۔
6. درخواست کی فیس ادا کریں۔
7. درخواست جمع کروائیں۔

## فیس

چاہے آپ کو کینیڈا کے اندر سے سپانسر کیا جا رہا ہو یا باہرسے، فیس کے تین حصے ہیں۔ اضافی فیسیں ہیں جو آپ کو اس حساب سے ادا کرنی ہوں گی کہ درخواست میں کتنے بچے شامل ہیں۔

1. اسپانسر شپ فیس (75ڈالر) - درخواست کے ساتھ ادا کرنا ضروری ہے۔
2. پرنسپل درخواست دہندہ کے لیے ایک پروسیسنگ فیس (490 ڈالر) - درخواست کے ساتھ ادا کرنا ضروری ہے
3. مستقل رہائش کے حق کی فیس (515 ڈالر) - درخواست کے ساتھ یا بعد میں ادا کی جا سکتی ہے
4. آپ کی درخواست میں منحصر بچوں کے لیے کوئی فیس ¯ آپ کو فی بچہ 155 ڈالر ادا کرنا ہوں گے۔

## اگر میری درخواست مسترد کر دی جائے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کی **بیرون ملک** درخواست مسترد کر دی جاتی ہے، تو کفیل (اسپانسر )امیگریشن اینڈ ریفیوجی بورڈ(آئی آر بی) (Immigration and Refugee Board(IRB) کے امیگریشن اپیل ڈویژن (Immigration Appeal Division) (IAD) میں اپیل کرسکتے ہیں ۔ آئی آر بی (IRB)یک ٹریبونل(Tribunal) ہے جو امیگریشن اور پناہ گزینوں کے مقدمات پر فیصلے کرتا ہے۔ آپ کا کفیل (اسپانسر) یا ان کا وکیل وضاحت کر سکتا ہے کہ درخواست کیوں قبول کی جائے۔ آپ کے اسپانسر کے پاس اپیل کی کارروائی شروع کرنے کے لیے آپ کو انکاری یا مسترد خط موصول ہونے کی تاریخ سے 30 دن میسر ہیں۔

اگر آپ کینیڈا کے اندر رہتے ہوئے میاں بیوی / کامن لاء سپانسرشپ درخواست کے تحت درخواست دے رہے ہیں تو آپ کو (IRB) کےِ (IAD) میں اپیل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ آپ صرف وفاقی عدالت میں عدالتی نظرثانی کے لیے درخواست دینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔